# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: شعری اصناف: تعارف و تفہیم (حصہ اول)9003 سمسٹر: خزاں2026

سطح: بی ایس

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1: سراج اورنگ آبادی کا عشقِ مجازی سے عشقِ حقیقی کی طرف سفر ان کے حمدیہ کلام کے سوز و گداز میں کیسے جھلکتا ہے؟ (20)

سوال 2: محسن کاکوروی کی نعتیہ مثنویوں میں تلمیحات کا کثرت سے استعمال نعت کے روایتی اسلوب سے کتنا مختلف ہے؟ (20)

سوال 3: ایہام گوئی کے دور کے شعرا نے غزل کے الفاظ میں ذو معنین (دوہرے معنی) کا استعمال کر کے کیا فنی تبدیلیاں کیں؟ (20)

سوال 4: میر تقی میر کی غزلوں میں موجود "غمِ دوراں" اور "غمِ جاناں" کا باہمی ربط ان کے دور کے دہلی کے حالات کو کیسے ابھارتا ہے؟ (20)

سوال 5: ناصر کاظمی کی غزلوں میں ہجرت کا دکھ اور "جدید اداسی" کلاسیکی غزل کے اسلوب سے کیسے میل کھاتی ہے؟ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1: نظیر اکبر آبادی نے اپنے شہر آشوب میں اشرافیہ کے بجائے عام طبقے اور بازاری اوسط حال لوگوں کے دکھوں کو کیسے زبان دی؟ (20)

سوال 2: مرزا سودا اور میر تقی میر کے شہر آشوب دلی کی معاشی تباہی اور مغل کج کلاہوں کے زوال کا تاریخی نوحہ کیسے ہیں؟ (20)

سوال 3: دیا شنکر نسیم کی "گلزارِ نسیم" میں اختصار اور ایجاز کی تکنیک میر حسن کے طویل بیانیے سے کتنی مختلف ہے؟ (20)

سوال 4: میر انیس کے مرثیوں میں عرب کے صحرائی ماحول کے پس منظر میں لکھنوی خاندانی رشتوں اور تہذیب کی عکاسی کیسے ملتی ہے؟ (20)

سوال 5: مرزا سودا کے قصائد میں ہجو گوئی (مذمت) اور مدح (تعریف) کا بیک وقت موجود ہونا ان کے سماجی رویے کو کیسے ظاہر کرتا ہے؟ (20)